JAMIA NAMA
(April - June 2024)

# جامعہ نامہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد



## پنجاب چیپٹر کا کانووکیشن

### اوپن یونیورسٹی ملک بھر میں علم کی روشنی پھیلا رہی ہے جس کی کرنوں نے میرے گھر کو بھی منور کیا۔ اعظم نذیر تارڑ



## پشاور میں جلسہ تقسیم اسناد کی تقریب

### علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تعلیمی و سماجی خدمات دیگر جامعات کے لئے قابل تقلید ہیں۔ فیصل کریم کنڈی

## اس شمارے میں شامل


- پنجاب چیپٹر کا کانووکیشن
- خیبر پختونخوا چیپٹر کا کانووکیشن
- ہائیر ایجوکیشن امپیکٹ رینکنگ 2024
- ترکیہ پاکستان کے باہمی روابط پر
- شام کے اعلیٰ سطح وفد کا دورہ یونیورسٹی
- مقابلہ حسنِ نعت کا انعقاد
- روپانی فاؤنڈیشن معاہدے کی تقریب
- ملازمین کی فلاح و بہبود اولین ترجیح
- ریسرچ ایوارڈ تقسیم اسناد کی تقریب
- بورڈ آف ایڈوانس سٹڈیز کا 68واں اجلاس
- مصنوعی ذہانت کے موضوع پر ورکشاپ
- تقریب رونمائی
- ٹیوٹر اور ریجنز کی خبریں



سرپرست اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود (وائس چانسلر)
مینجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر بخت روان
مجلس ادارت: ڈاکٹر سائرہ اقبال، حافظ حسان احمد، عمیر بن ندیم
ایڈیٹر: عزیز الرحمٰن
کاپی ایڈیٹر: عبدالمجید
لے آوٹ ڈیزائن: خوشنود اکرام
فوٹوگرافی: آفتاب شاہ، نور الاسلام

# لاہور کے نظریہ پاکستان ٹرسٹ میں پنجاب چیپٹر کے کانووکیشن کا انعقاد

## ۵۰ لاکھ گریجویٹ پیدا کر کے یونیورسٹی نے ملک کی بڑی خدمت کی ہے۔ وفاقی وزیر قانون وانصاف

## پاکستان بھر میں شاید ہی کوئی گھر ایسا ہو جس میں اوپن یونیورسٹی کا طالب علم نہ ہو۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود






اسلام آباد ۲۸۔اپریل () علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے پنجاب چیپٹر کا کانووکیشن ۲۸۔اپریل ۲۰۲۴ء کو نظریہ پاکستان ٹرسٹ، لاہور میں منعقد ہوا جس میں پی ایچ ڈی، ایم فل، ایم ایس، ماسٹر پروگرامز، بی ایس، بی ایڈ، بی اے، بی کام اور بی بی اے پروگراموں کے سمسٹر بہار ۲۰۲۲ء تک کے فارغ التحصیل ۶۵۰ طلباء وطالبات میں ڈگریاں تقسیم کی گئیں جن میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے ۱۵۰ طلبہ کو گولڈ میڈلز کے تمغوں سے نوازا گیا۔ اِس بڑی اور پُروقار تقریب کے مہمان خصوصی وفاقی وزیر قانون وانصاف، اعظم نذیر تارڑ تھے۔ وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔ پنجاب کے مختلف تعلیمی اداروں کے اساتذہ، سماجی وسیاسی شخصیات اور پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے رپورٹرز نے بھی بھرپور شرکت کی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کامیاب ہونے والے طلبہ اور اُن کے والدین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی مفکر پاکستان، ڈاکٹر محمد اقبال کے نام سے منسوب ہے اور اپنے نام کا لاج رکھتے ہوئے یہ جامعہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر علم کی روشنی پھیلا رہی ہے جس کی کرنوں نے میرے گھر کو بھی منور کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری بیگم بھی اس جامعہ کی گریجویٹ ہے۔ یونیورسٹی کے پچاس سال مکمل ہونے پر وائس چانسلر کو مبارکباد دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ۵۰ سالوں میں ۵۰ لاکھ گریجویٹ پیدا کر کے یونیورسٹی نے ملک کی بڑی خدمت کی ہے۔ وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہم یونیورسٹی کی گولڈن جوبلی کا افتتاح اس کانووکیشن سے کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی کے ۵۴ ریجنل کیمپسز ہیں جو سکردو سے گوادر تک پھیلے ہوئے ہیں جو ملک کے ہر کونے میں تعلیم کی شمعیں روشن کرنے میں مصروف عمل ہیں۔ ڈاکٹر ناصر محمود کا کہنا تھا کہ پاکستان بھر میں شاید ہی کوئی گھر ایسا ہو جس میں ہمارا طالب علم نہ ہو۔



# اوپن یونیورسٹی کی تعلیمی وسماجی خدمات دیگر جامعات کے لئے قابل تقلید ہیں۔فیصل کریم کنڈی

## اوپن یونیورسٹی سے اب تک ۵۰ لاکھ طلبہ گریجویٹ ہو چکے ہیں۔ڈاکٹر ناصر محمود



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے خیبر پختونخوا چیپٹر کے کانووکیشن کاانعقاد ۹ جون، ۲۰۲۴ءکو پشاور میں منعقد ہوا، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی تقریب کے مہمان خصوصی تھے جبکہ وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے صدارت کی۔فیصل کریم کنڈی نے اپنے خطاب میں کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی تعلیمی خدمات ملک بھر کی جامعات کے لئے قابل تقلید ہیں۔انہوں نے کہا کہ قیدیوں، شہدا کے بچوں اور خواجہ سراوں کو مفت تعلیم فراہم کرناملک وقوم کے لئے اوپن یونیورسٹی کی بہت بڑی خدمت ہے۔گولڈ میڈلز اور ڈگریاں حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارک باد دیتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ آج آپ کی عملی زندگی کے سفر کا آغاز ہے، تعلیم کو تبدیلی کا ذریعہ بنائیں اور ملک وقوم کے لئے فخر کا باعث بنیں۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اپنے علمی سفر کی نصف صدی مکمل کر چکی ہے اور اپنی گولڈن جوبلی منا رہی ہے۔انہوں نے کہا آج تک اس قومی جامعہ سے ۵۰ لاکھ طلبہ گریجویٹ ہو چکے ہیں جو ملک کے مختلف اداروں میں خدمات انجام دے رہے۔ڈاکٹر ناصر کا کہنا تھا کہ پاکستان کا شاید ہی کوئی گھر ایسا ہو جس میں ہمارا طالب علم یا گریجویٹ نہ ہو۔وائس چانسلر نے گولڈ میڈلز اور ڈگریاں حاصل کرنے والے طلبہ کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ یہ یونیورسٹی آپ کی ہے اور آپ ہمارا فخر ہیں۔رجسٹرار راجہ عمر یونس نے کہا کہ یہ جامعہ ملک کے سابق وزیر اعظم، شہید ذوالفقار علی بھٹو کا انمول تحفہ ہے، آج ملک کا کوئی سکول، کالج یا یونیورسٹی ایسی نہیں جس میں اس جامعہ کا تربیت یافتہ استاد خدمات انجام نہ دے رہا ہو۔گورنر اور وائس چانسلر نے ۲۴۶ طلباء وطالبات میں ڈگریاں تقسیم کیں جن میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے ۴۲ طلبہ کو گولڈ میڈلز کے تمغوں سے نوازا گیا۔



# ٹائمز ہائر ایجوکیشن نے امپیکٹ رینکنگ 2024 جاری کر دی

## ایس ڈی جی 4 معیاری تعلیم میں اوپن یونیورسٹی کا پاکستانی جامعات میں پہلی، عالمی جامعات میں ساتویں پوزیشن حاصل کرنے کا اعزاز

عالمی درجہ بندی کے معتبر ادارہ ٹائمز ہائر ایجوکیشن نے سال 2024ء کی امپیکٹ رینکنگ جاری کر دی جس کے مطابق اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف ایس ڈی جی 4 (معیاری تعلیم) کی درجہ بندی میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے پاکستان کی 89 جامعات میں پہلی جبکہ 125 ممالک کی 2175 جامعات میں ساتویں پوزیشن حاصل کر لی ہے۔اس رپورٹ کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے ایس ڈی جی ) 8 معقول روزگار اور معاشی نمو) کی درجہ بندی میں بھی پاکستانی جامعات میں پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ ایس ڈی جی) 10 عدم مساوات میں کمی) اور ایس ڈی جی ) 17 مقاصد کے لئے اشتراک داری) کی درجہ بندی میں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پاکستانی جامعات میں تیسری پوزیشن پر رہی۔

# اوپن یونیورسٹی نے تعلیمی معیار کی رینکنگ میں اعزاز کا جشن منایا

## تحقیق کے کلچر کو فروغ دیں گے، طلبہ کی سروسز کو مزید بہتر بنائیں گے۔ڈاکٹر ناصر محمود

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے ٹائمز ہائر ایجوکیشن کی جاری کردہ امپیکٹ رینکنگ برائے سال 2024ء میں ایس ڈی جی 4 (معیاری تعلیم) میں پاکستان کی 91 جامعات میں پہلی اور دنیا کی 2175 جامعات میں ساتویں پوزیشن حاصل کی ہے جو اس بات کی عکاسی ہے کہ ہم نے تعلیم کا معیار بڑھانے پر خصوصی توجہ دی ہے اِن خیالات کا اظہار یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے تعلیمی معیار کی رینکنگ میں اعزاز کا جشن منانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وائس چانسلر نے آفس آف ریسرچ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن و دیگر متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت کی کہ ایس ڈی جیز کے جن اہداف میں ہم پیچھے ہیں، اُن میں آگے آنے کے لئے کوششیں تیز کر دیں اور جن میں ہم نے پوزیشنز حاصل کی ہیں انہیں برقرار رکھا جائے۔ ڈاکٹر ناصر محمود نے مزید کہا کہ اب ہم یونیورسٹی میں تحقیق کے کلچر کو فروغ دینے پر خصوصی توجہ دیں گے تاکہ اس شعبے میں بھی ایکسی لینس حاصل کر سکیں۔



# اوپن یونیورسٹی میں ترکیہ پاکستان کے باہمی روابط پر ایک روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد

## اکیسویں صدی میں ادب، تاریخ اور ثقافت کے تناظر میں دونوں ممالک کے روابط اور ہم آہنگی پر بات ہوئی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں اکیسویں صدی میں ادب، تاریخ اور ثقافت کے تناظر میں ترکیہ پاکستان کے باہمی روابط پر 27 جون، 2024ء کو ایک روزہ عالمی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔اس کانفرنس کا انعقاد یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ پاکستان، شعبہ اردو، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور ادارہ فروغ قومی زبان، اسلام آباد کے باہمی اشتراک سے کیا گیا۔ پہلے سیشن کی صدارت، ڈائریکٹر جنرل، ادارہ فروغ قومی زبان، پروفیسر ڈاکٹر سلیم مظہر نے کی جبکہ مہمان خصوصی افسانہ و ناول نگار، حمید شاہد تھے۔ دیگر مقررین میں ڈائریکٹر، یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ، ڈاکٹر خلیل طوقار، ڈاکٹر صوفیہ خشک، ڈاکٹر فاروق عادل، ڈاکٹر شیر علی، ایرین میاس اوغلو اور شعبہ اردو کے سربراہ، ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد تھے۔ مقررین نے ترکیہ اور پاکستان کے تاریخی پس منظر اور تعلقات پر روشنی ڈالی۔ان کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک نے مشکل وقت میں ایک دوسرے کا نہ صرف حکومتی سطح بلکہ عوامی سطح پر بھی ساتھ دیا۔مقررین کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان اور ترکیہ کے دو عظیم شعراء، علامہ اقبال اور محمد عاکف دونوں ایک ہی عہد کے شاعر تھے اور دونوں کی شاعری اور فلسفے میں مماثلت پائی جاتی ہے۔ پاکستان کے ادب میں ترکیہ اور خلافت عثمانیہ کے حوالے سے کافی مواد ملتا ہے، مقررین نے یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ کی پاکستان میں ترک زبان اور ثقافت کی ترویج کے لیے کی جانے والی کوششوں کو بھی سراہا۔ کانفرنس کا دوسرا سیشن آن لائن منعقد ہوا جس کی صدارت، پروفیسر ڈاکٹر یوسف خشک نے کی جبکہ مہمان خصوصی، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز، پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر تھے۔ دوسرے سیشن کے مقررین میں پنجاب یونیورسٹی کے پروفیسر داکٹر محمد کامران، ڈاکٹر ضیاء الحسن، ڈاکٹر اشرف کمال، ڈاکٹر صدف نقوی، ترکیہ سے ڈاکٹر خدیجہ گورگون، ڈاکٹر محسن اش سیویر اور ڈاکٹر مہمیت کمال نے شرکت کی اور پاکستان ترکیہ کے ادیبوں اور ان کی گراں قدر خدمات کے حوالے سے گفتگو کی۔



# اوپن یونیورسٹی میں شام کے اعلیٰ سطحی وفد کا دورہ

## دونوں ممالک کے تعلیمی تعلقات کے فروغ میں عملی اقدامات کے خواہاں ہیں، رامی وحید

## باہمی اشتراک سے دونوں ممالک کا تحقیق کے میدان میں کام کرنے پر زور، ناصر محمود




شام کے آٹھ رکنی وفد نے نائب وزیر تعلیم رامی وحید الضلی کی قیادت میں 8 مئی، 2024ء کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ پاکستان میں تعینات شام کے سفیر رمیز آلرائی بھی وفد کے ہمراہ تھے۔اس موقع پر مہمان خصوصی نائب وزیر تعلیم رامی وحید الضلی نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلیمی تعلقات کے فروغ میں عملی اقدامات چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلیمی ماہرین کو ایک دوسرے کے ساتھ علمی تعاون کو فروغ دینا چاہیے۔علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے اساتذہ کی تحقیق اور تجربات سے استفادہ کرنا چاہتے ہیں اور ایسے راستے تلاش کریں کہ فاصلاتی نظام تعلیم سے شامی طلبہ بھی مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین تھیسز جائزہ اور وظائف کے لئے بھی اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ ہماری تاریخ و ثقافت ایک دوسرے سے کافی مشترک ہے شامی لوگ پاکستانیوں سے بہت انسیت رکھتے ہیں۔ وائس چانسلر علامہ اقبال اوپن نیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے وفد سے خطاب میں کہا کہ شام کی جامعات سے تعلقات میں اضافے کے لئے ہر ممکن تعاون کریں گے۔ باہمی اشتراک سے دونوں ممالک کا تعلیم و تحقیق کے میدان میں مؤثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ تعلیمی ترقی کے لئے جامعات کے مابین روابط ضروری ہیں، ہم قومی و بین الاقوامی جامعات کے ساتھ تعلیمی روابط بڑھانے پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ وائس چانسلر نے کہا کہ آن لائن فیکلٹی لیکچرز، سیمنار، کانفرنسز، ریسرچ پراجیکٹس، فیکلٹی اور طلبہ کے تبادلہ پروگرام کے میدان میں اشتراک کر سکتے ہیں۔تقریب میں شامی وفد کے ہمراہ وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ امور اور ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کے معززین بھی شامل تھے۔تقریب میں یونیورسٹی کے ڈینز و پرنسپل افسران بھی موجود تھے۔ملاقات کے بعد شام کے وفد نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی لائبریری سمیت مختلف شعبہ جات کا دورہ بھی کیا۔

# اوپن یونیورسٹی میں محفل مدحت رسول ﷺ، مقابلہ حسنِ نعت کا انعقاد

## صوبائی سطح پر تمام علاقائی دفاتر میں قرات، نعت، تقاریر و ملی نغموں کے مقابلے ہوں گے، وائس چانسلر

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں رمضان المبارک کی مناسبت سے 2۔اپریل، 2024ء کو مقابلہ حسنِ نعت کا انعقاد ہوا جس میں راولپنڈی اور اسلام آباد کی مختلف جامعات کے 18 طلباء و طالبات نے شرکت کی اور گلہائے عقیدت پیش کیے۔ وائس چانسلر علامہ اقبال اقبال اوپن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود مہمان خصوصی تھے جبکہ ڈی جی ریجنل سروسز ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان نے میزبانی کے فرائض ادا کیے۔اپنے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ نعت رسول ﷺ پیش کرنا بڑی سعادت ہے اور اس میں نہ کوئی مقابلہ ہوتا ہے اور نہ کوئی پوزیشن بلکہ یہ تو عقیدت و محبت کا اظہار ہے۔انہوں کا کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی حیاتِ طیبہ پوری انسانیت کے لئے ضابطہ حیات ہے جس پر عمل کر کے ہم دنیا و آخرت کو حسین بنا سکتے ہیں۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے ڈی جی ریجنل سروسز کی ایماء پر صوبائی ریجنل دفاتر میں قرأت، نعت، تقاریر و ملی نغموں کے مقابلوں کے انعقاد کے احکامات بھی جاری کئے۔ ریجنز کے فاتحین 12 ربیع الاول اور یومِ آزادی پر اسلام آباد مین کیمپس میں فائنل تقریب میں شرکت کریں گے۔ ڈی جی ریجنل سروسز ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ تقریب پچاس سالہ تقریبات کی ایک کڑی ہے اور رمضان المبارک کی بابرکت سعاتوں کو سمیٹنے کا ایک موقع ہے۔مقابلہ نعت میں محمد حشام الحسن نے پہلی، سبحان الخیری نے دوسری جبکہ محمد شکیل نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ پروفیسر ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد، پروفیسر ڈاکٹر محمد بشیر ملک اور لیکچرار محمد حامد نے منصفین کے فرائض انجام دیئے۔ تقریب میں رجسٹرار، ڈینز، پرنسپل افسران، فیکلٹی اور طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی جبکہ ڈائریکوریٹ آف ریجنل سروسز کی سرپرستی میں ریجنل کیمپس راولپنڈی اور اسلام آباد نے تقریب کا اہتمام کیا۔



# اوپن یونیورسٹی اور روپانی فاؤنڈیشن کے مابین مفاہمت کی یادداشت پر دستخطوں کی تقریب

## معاہدے کی پاسداری کر کے عمل درآمد کو یقینی بنائیں گے، ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر

## ارلی چائلڈ ہوڈ ایکسی لینس سینٹر کا قیام خطے کی اہم ضرورت ہے، تین سال تک مکمل ہوجائے گا، جلال الدین

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور روپانی فاؤنڈیشن کے مابین ارلی چائلڈ ہوڈ اینڈ ڈیولپمنٹ ایکسی لینس سینٹر کی عمارت کے قیام کے حوالے سے 17 مئی 2024ء کو دستخطوں کی یادداشت کی تقریب منعقد ہوئی۔ یونیورسٹی کے رجسٹرار راجہ عمر یونس اور چیف ایگزیکٹو آفیسر، روپانی فاؤنڈیشن جلال الدین نے یادداشت پر دستخط کئے۔ تقریب کی صدارت قائمقام وائس چانسلر و کلیہ سماجی علوم کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر نے کی۔ اپنے خطاب میں پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر نے روپانی فاؤنڈیشن اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے درمیان تعلیم کی مد میں دیرینہ شراکت داری کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ آج دونوں اداروں کے درمیان ارلی چائیلڈ ہوڈ ایکسی لیسن سینٹر کے قیام کے لئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط ہو رہے ہیں جو بہت جلد اِس سینٹر کے قیام کی صورت میں ہم دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سینٹر کا قیام کسی کار خیر سے کم نہیں ہوگا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر، روپانی فاؤنڈیشن نے اپنے خطاب میں کہا کہ ارلی چائلڈ ہوڈ ایکسی لینس سینٹر کا قیام خطے کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اِس سینٹر کے قیام سے بچوں کی پرورش کے بارے میں پروگرامز، آؤٹ آف سکول چلڈرن اور والدین کی رہنمائی میں مؤثر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔



## یونیورسٹی کے ملازمین کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

اوپن یونیورسٹی کے ملازمین اور اُن کے اہل وعیال کو میڈیکل ٹیسٹوں میں پچاس فیصد ڈسکاؤنٹ ملے گا۔

فری ہوم سیمپل کلیکشن سروس، ایکسرے، الٹراساؤنڈ صحت کی دیگر سہولتیں بھی گھر کی دہلیز پر ملیں گی۔

ملازمین کی فلاح وبہبود اور اُن کی صحت کا خیال رکھنا اولین ترجیح ہے، ملازم خوشحال ہوگا تو وہ اپنے فرائض بھی بہتر طور پر سرانجام دے گا اِن خیالات کا اظہار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے 10 مئی، 2024ء کو یونیورسٹی اور پریمیم ڈائیگناسٹک سینٹر، اسلام آباد (پی ڈی سی) کے مابین مفاہمت کی یادداشت پر دستخطوں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ معاہدے پر یونیورسٹی کی جانب سے رجسٹرار، راجہ عمر یونس اور پی ڈی سی کی جانب سے ڈائریکٹر کارپوریٹ ریلیشنز، محمد راشد نے دستخط کئے۔ اِس تقریب میں ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر، یاسر محمود اپنی ٹیم کے ہمراہ موجود تھے۔ دیگر شرکاء میں اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کے صدر، ڈاکٹر اقبال اور میڈیکل آفیسر ڈاکٹر حرا ابراہیم شامل تھیں۔ معاہدے کے مطابق پی ڈی سی یونیورسٹی ملازمین کو رعایتی نرخوں پر ٹیسٹوں کی سہولت فراہم کرے گا، میڈیکل ٹیسٹوں پر ملازمین اور اہل خانہ کو پچاس فیصد ڈسکاؤنٹ جبکہ ریڈیالوجی پر 35 فیصد رعایت فراہم کی جائے گی۔ ڈاکٹر کی چیک اپ اور کنسلٹیشن فیس میں بھی خصوصی رعایت ملے گی۔ بزرگ مریضوں کے لئے فری ہوم سیمپل کلیکشن سروس ہوگی، ایکسرے، الٹراساونڈ سمیت صحت کی دیگر سہولتیں بھی گھر کی دہلیز پر دستیاب ہوں گی۔ واضح رہے کہ ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن (ایوا) ملازمین کی فلاح و بہبود کے لئے سرگرم عمل ہے، ایسوسی ایشن کی کوششوں سے ملازمین اور اُن کے اہل وعیال کو ٹیسٹوں میں 50 فیصد ڈسکاؤٹ کی سہولت مل گئی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایوا کے صدر یاسر محمد نے کہا کہ ہمیں ملازمین نے منڈیٹ دیا ہے اور ہم اپنے منشور پر کاربند رہتے ہوئے ملازمین کی فلاو بہبود کے لئے اسی طرز کی کوششیں جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کی صحت کے لئے ڈینٹل کلینک اور پینل پر ہسپتالوں کے ساتھ معاہدے پائپ لائن میں ہیں۔



## اوپن یونیورسٹی میں "ریسرچ ایوارڈز 2024" کی تقسیم اسناد تقریب کا انعقاد

### 242 درخواستیں موصول ہوئیں، جن میں سے 233 اہل قرار پائے۔




علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں آفس آف ریسرچ اینڈ انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (ORIC) کی جانب سے 6 جون، 2024ء کو "ریسرچ ایوارڈز 2024" کی تقسیم اسناد تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کی صدارت وائس چانسلر علامہ اوپن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کی۔ ریسرچ ایوارڈز کے لئے کل 242 درخواستیں موصول ہوئیں، جن میں سے 233 اہل درخواست گزار تھے اور 317 تحقیقی مقالے ایوارڈ کے لیے زیر غور آئے۔ 233 ریسرچ پبلی کیشن میں سے 49 سوشل سائنسز، 48 فیکلٹی آف سائنسز سے، 32 کا تعلق فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک اسٹڈیز، 25 فیکلٹی آف ایجوکیشن سے، اور 13 کا تعلق سروسز ڈیپارٹمنٹ سے تھا۔ اس کے علاوہ ریسرچ گرانٹ لینے والوں میں 66 طلبہ و طالبات بھی شامل تھے۔ مزید برآں، "انوویٹو آئیڈیاز مقابلہ 2024 "میں 300 درخواست گزاروں نے حصہ لیا، جس میں سے 10 فائنلسٹ منتخب ہوئے اور پانچ بہترین کو انعامی رقوم سے نوازا گیا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے محققین کی حوصلہ افزائی کرنے پر ORIC کی کوششوں کی تعریف کی اور ایوارڈ یافتگان میں اسناد تقسیم کیے۔ ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ تعلیمی میدان میں بہترین کارکردگی پر ہم اگلے سال سے "بیسٹ ٹیچر ایوارڈ" بھی دیں گے

## اوپن یونیورسٹی کے بورڈ آف ایڈوانس سٹڈیز کا 68 واں اجلاس

### وائس چانسلر کا طلبہ کو تحقیقی خاکوں میں عام فہم اور سادہ الفاظ کے استعمال کی ہدایت

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں بورڈ آف ایڈوانس سٹڈیز اینڈ ریسرچ (بسر) کے 68 ویں اجلاس کا پہلا سیشن 9 مئی، 2024ء کو وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کی صدارت منعقد ہوا۔ نظامت و معاونت کا فریضہ بسر کے ڈائریکٹر، پروفیسر ڈاکٹر سید عامر شاہ نے سرانجام دیا۔ سید عامر شاہ نے گذشتہ اجلاس کے فیصلوں پر عمل درآمد کی تفصیلی رپورٹ اور رواں اجلاس کا ایجنڈا پیش کیا۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے چاروں فیکلٹیوں کے ڈینز، ممتاز سکالرز، سبجیکٹ سپیشلسٹس، سپروائزر اور ہیڈ آف ڈپارٹمنٹس شریک تھے۔ پی ایچ ڈی کے 56 طلبہ کے سائناپسز کا جائزہ لینا اور جانچ پڑتال کرنا ایک روز میں ممکن نہیں تھا، اس لئے بسر نے اس اجلاس کے تین سیشنز منعقد کئے، سبجیکٹ سپیشلسٹس نے طلبہ کے سائناپسز اور اُن کے موضوعات کا باریک بینی سے جائزہ لیا، کچھ طلبہ کے مقالوں کو منظور کیا گیا، بعض طلبہ کے مقالوں کو جزوی طور پر منظور کرتے ہوئے مقالوں میں سبجیکٹ سپیشلسٹس کی جانب سے تجاویز شامل کرنے کی ہدایت کی گئی، بعض سکالرز کو مقالے مزید بہتر بنانے اور اگلے اجلاس میں دوبارہ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس کے دوران ممبران کی طرف سے متعدد تجاویز بھی سامنے آئیں جنہیں وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے سراہا۔ وائس چانسلر نے طلبہ کو ہدایت کی کہ وہ تحقیقی خاکوں میں عام فہم اور سادہ الفاظ کا استعمال کریں، ایسے الفاظ سے اجتناب کریں جس کا مفہوم واضح نہ ہو۔



## اوپن یونیورسٹی میں مصنوعی ذہانت کے موضوع پر تین روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

### ہم اپنے اساتذہ وافسران کی پروفیشنل ڈیولپمنٹ کے لئے مزید ورکشاپس کا انعقاد بھی کریں گے۔ ڈاکٹر ناصر محمود

### اوپن یونیورسٹی تربیت یافتہ اور ہنر مند افرادی قوت پیدا کرنے میں مثالی کردار ادا کر رہی ہے۔ ڈاکٹر بشیر احمد

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں پروفیشنل ڈیولپمنٹ کے لئے 19۔اپریل، 2024 کو مصنوعی ذہانت پر تین روزہ تربیتی ورکشاپ منعقد کی گئی جس میں ملک بھر سے 37 جامعات کے اساتذہ اور طلبہ نے حصہ لیا۔ یہ ورکشاپ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے پروفیشنل ڈیولپمنٹ پروگرام کی ایک کڑی تھی۔ اس ورکشاپ کا انعقاد علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے کامن ویلتھ ایجوکیشنل میڈیا فار ایشیا کے تعاون سے کیا تھا۔ ورکشاپ کے ریسورس پرسنز پاکستان کے علاوہ امریکہ، برطانیہ، سری لنکا، نئی دہلی، آئرلینڈ سے تھے جنہوں نے مختلف سیشنز میں شرکاء کو تدریسی و تحقیقی عمل میں مصنوعی ذہانت کے استعمال کے گر سکھائے۔ اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ مصنوعی ذہانت درس و تدریس سمیت ہر شعبہ زندگی کی اہم ترین ضرورت بن گئی ہے اور اس کے سیکھنے اور سکھانے میں ہی ہماری بقاء ہے۔ ڈاکٹر ناصر نے کہا کہ فیکلٹی ڈیولپمنٹ اُن کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت پر ہم اپنے اساتذہ اور افسران کی ٹریننگ کے لئے مزید ورکشاپس کا انعقاد بھی کریں گے۔ کامن ویلتھ ایجوکیشنل میڈیا فار ایشا کے ڈائریکٹر، بشیر احمد نے نئی دہلی بھارت سے آن لائن خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اوپن یونیورسٹی پاکستان کے لئے تربیت یافتہ اور ہنر مند افرادی قوت پیدا کرنے میں مثالی کردار ادا کررہی ہے، اس قومی جامعہ کے ساتھ ہماری پارٹنرشپ بہت مفید اور نتیجہ خیز ثابت ہورہی ہے۔ انہوں نے اوپن یونیورسٹی کے ساتھ اشتراک کا عمل جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار بھی کیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف اکیڈمک پلاننگ اینڈ کورس پروڈکشن کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر زاہد مجید نے ورکشاپ کے اغراض و مقاصد بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس ورکشاپ میں ہم نے 37 جامعات کے 32 اساتذہ کو ہم نے فیس ٹو فیس جبکہ باقی اساتذہ کو آن لائن تربیت دی۔ اختتامی تقریب میں ورکشاپ کے شرکاء نے اپنے تاثرات بیان کرتے ہوئے اس تربیتی ورکشاپ کو بہت مفید قرار دیا۔ انہوں نے تربیتی ورکشاپ منعقد کرانے پر ڈائریکٹوریٹ آف اکیڈمک پلاننگ اینڈ کورس پروڈکشن کا شکریہ ادا کیا۔ ورکشاپ کے اختتام پر وائس چانسلر نے شرکاء میں اسناد تقسیم کیں۔



# شاہد صدیقی کی کتاب ٹورنٹو، دُبئی اور مانچسٹر کی تقریب رونمائی

## ٹورنٹو، دُبئی اور مانچسٹر کو شاہد صدیقی کی نظر سے دیکھنے کے لئے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔ مقررین




علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں سابق وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی کی کتاب ٹورنٹو، دُبئی اور مانچسٹر کی تقریب رونمائی 29۔ اپریل، 2024ء کو وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ اس پُروقار تقریب کے مہمان خصوصی معروف ماہر تعلیم، کالم نگار اور کتاب کے مصنف پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی تھے۔ فکر ونظر کے دانشور، کالم نویس، افسانہ نگار محمد حمید شاہد، محمد حفیظ خان اور ڈاکٹر نجیبہ عارف نے شاہد صدیقی کی اس کتاب پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ کتاب روایتی سفر نامہ نہیں بلکہ یہ کتاب شاہد صدیقی کا جمالیاتی تجربہ ہے جس میں ماضی، حال اور مستقبل کی تقسیم نظر نہیں آ رہی ہے۔ مقررین نے کتاب میں شاہد صدیقی کی شخصیت کے رومانوی پہلو کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ رومانیت میں شاہد صدیقی اپنے ایسے اسلوب کے ذریعے وہ اپنے جذبات کا انتہائی شدت سے اظہار کرتے ہیں۔ مقررین نے کہا کہ ٹورنٹو، دُبئی اور مانچسٹر کو شاہد صدیقی کی نظر سے دیکھنے کے لئے اس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے۔ شاہد صدیقی نے اپنے مختصر خطاب میں تقریب کے انعقاد پر شعبہ اردو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنی کتاب سے اقتباس سنایا۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے اپنے خطاب میں کہا کہ شاہد صدیقی کی جب بھی کوئی نئی تصنیف سامنے آتی ہے، اُن کی خواہش ہوتی ہے کہ وہ اس کی تقریب رونمائی علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں کریں۔ انہوں نے اس کتاب میں سکالرشپ کی کہانی کو خود سے وابستہ کرتے ہوئے مانچسٹر میں اپنے سکالرشپ کا قصہ تفصیل سے بیان کیا۔ فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین، پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر نے کلمات تشکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ شاہد صدیقی کی یہ نئی کتاب دو ماہ قبل آئی تھی، ہماری خواہش تھی کہ اس کی پہلی رونمائی ہم یونیورسٹی میں کریں۔ تقریب سے شعبہ اردو کے چیئرمین، ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد نے خطاب کرتے ہوئے کتاب کے مختلف رنگوں کو اجاگر کیا۔ فیکلٹی ممبران، افسران، سٹاف ممبرز اور طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے کتاب خرید کر مصنف سے اس کتاب پر دستخط بھی لیے۔

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد

## معاشرے کو تعلیم یافتہ بنانا رسمی وغیر رسمی دونوں نظام تعلیم کے اداروں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ احسن شکور

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے سمسٹر بہار 2024ء میں داخل ہونے والے میٹرک اور ایف اے پروگراموں کے لاکھوں طلبہ کی بہترین راہنمائی کے لئے ملک بھر میں ٹیوٹرز تعینات کر دیئے ہیں، ٹیوٹرز اپنی ذمہ داریاں لگن، پوری ایمانداری اور قومی خدمت کے عزم کے ساتھ نبھائیں تا کہ طلبہ میں پڑھنے کا جذبہ اجاگر ہو اِن خیالات کا اظہار اسلام آباد ریجنل کیمپس کے ڈائریکٹر، احسن شکور نے 27 مئی، 2024ء کو منعقدہ ٹیوٹرز بریفنگ اجلاس سے خطاب میں کیا ٹیوٹرز کو بریفنگ دیتے ہوئے احسن شکور نے کہا کہ ٹیوٹرز ہمارے سفیر ہیں، جو طلبہ کسی مجبوری کے تحت سکولز، کالجز سے تعلیم حاصل نہیں کر پا رہے، انہیں اوپن یونیورسٹی کی جانب راغب کریں، انہیں ٹریک پر لانے میں ہماری مدد



کریں، نئی نسل ٹریک پر ہوگی تو معاشرہ سدھرے گا، معاشرہ سدھرے گا تو ملک ترقی کرے گا۔ ریجنل ڈائریکٹر نے ٹیوٹرز کو بتایا کہ ہم نے 0304-0378832 نمبر پر یونیورسٹی کا آفیشل واٹس ایپ گروپ بنایا ہے جس میں ہم طلبہ کے ساتھ ساتھ ٹیوٹرز کو بھی یونیورسٹی میں ہونے والے تعلیمی سرگرمیوں سے اپ ڈیٹ رکھتے ہیں، ٹیوٹرز اپنے مسائل کے فوری حل کے لئے بھی ہم سے اِس واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ اسسٹنٹ ریجنل ڈائریکٹر، توصیف احمد نے ٹیوٹرز کو آگاہی پورٹل سے متعارف کیا۔ اپنی بریفنگ میں انہوں نے ٹیوٹرز کو آگاہی پورٹل کے استعمال، اسائنمنٹس چیک کرنے سے رزلٹ کی پنچنگ اور بلز جمع کرانے کا طریقہ کار تفصیل سے بیان کیا۔ آخر میں اسلام آباد ریجن کے 150 ٹیوٹرز کو تعیناتی لیٹرز اور ٹیوٹرز بیگ تقسیم کئے گئے۔

## وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کا ریجنل کیمپس مظفر آباد کا دورہ

### مختلف شعبہ جات کا معائنہ، طلبہ، ٹیوٹرز اور امتحانی عملے سے ملاقاتیں



یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے آزاد جموں و کشمیر میں طلبہ کی سہولتوں کا جائزہ لینے کے لئے ریجنل کیمپس مظفر آباد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے کیمپس کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا، طلبہ، ٹیوٹرز اور امتحانی عملے سے ملاقاتیں کیں، اِن ملاقاتوں میں وائس چانسلر نے انہیں یونیوسٹی کے سمسٹر خزاں 2024ء کے داخلوں کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کی ہدایت کی۔ ریجنل ڈائریکٹر، شازیہ صدیق نے وائس چانسلر کو ریجن کی کارکردگی رپورٹ پیش کی اور داخلوں کے آگاہی مہم پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اِس دورے میں ڈائریکٹر جنرل ریجنل سروسز، ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان، ڈائریکٹر شعبہ داخلہ، سید ضیاء الحسنین اور پی ایس، ڈاکٹر ملک طارق وائس چانسلر کے ہمراہ تھے۔

## ریجنل کیمپس پشاور میں ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد



یونیورسٹی کے ریجنل کیمپس پشاور میں ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈاکٹر نفیس بی بی کی زیر صدارت ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد ہوا جس میں انہوں نے سمسٹر بہار ۲۰۲۴ء کے لئے تعینات کئے گئے ٹیوٹرز کو تعیناتی کے لیٹرز اور فائلیں دیں۔ ٹیوٹرز سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر نفیس بی بی نے کہا کہ تمام ٹیوٹرز اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور ٹائم فریم کے مطابق انجام دیں اور طلباء کی بھرپور راہنمائی کریں۔ ڈاکٹر نفیس بی بی نے یونیورسٹی کے داخلہ مہم میں بھرپور ساتھ دینے پر ٹیوٹرز کا شکریہ بھی ادا کیا جن کی بدولت سمسٹر بہار ۲۰۲۴ء میں پشاور ریجن کے داخلوں میں ریکارڈ اضافہ ہوا ہے، ریجن کے طلبہ کی تعداد ۲۱ ہزار سے تجاوز کر گئی ہے۔

## ریجنل کیمپس لاہور میں امتحانی عملے کی پروفیشنل ڈیولپمنٹ کے لیے تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے لاہور ریجنل کیمپس میں امتحانی عملے کی پروفیشنل ڈیولپمنٹ کے لئے تربیتی ورکشاپ منعقد کی گئی جس میں امتحانی عملے کو پارسل بکنگ ایپ، ڈیجیٹل اٹنڈنٹس، ایس ایف فور اور کنڈکٹ کے حوالے سے ٹریننگ دی گئی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ریجنل ڈائریکٹر، امان اللہ ملک نے کہا کہ امتحان ایک حساس اور اہم ذمہ داری ہے، یہ طلباء کا امتحان نہیں بلکہ ہمارا امتحان ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود وائس چانسلر نے امتحانی نظام میں جدت اور شفافیت کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کی ہیں، جن پر عمل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس موقع پر ڈاکٹر عظمیٰ طارق ڈپٹی ریجنل ڈائریکٹر، نائلہ طاہر اسسٹنٹ ریجنل ڈائریکٹر، مرزا احمر عمار، اسسٹنٹ ریجنل ڈائریکٹر نے مختلف امتحانی ایپس کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیے۔



## مردان ریجن کے زیر اہتمام ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد

مردان ریجنل آفس نے ڈائریکٹر، شاہد علی کے زیر نگرانی مردان کے تمام تحصیل اور اضلاع کے گورنمنٹ سکولوں میں ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد کیا جس میں نئے تعینات کئے گئے ٹیوٹرز کو یونیورسٹی کے طریقہ تعلیم سے آگاہ کیا گیا اور طلبہ کی راہنمائی کے لئے ہدایات دی گئیں۔ بریفنگ کے دوران شاہد علی نے ٹیوٹرز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہمارے جاری طلبہ کی راہنمائی کے ساتھ ساتھ سمسٹر خزاں 2024ء کے داخلوں کا پیغام گھر گھر پہنچانے میں بھی ہمارا ساتھ دیں تاکہ وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کی ہدایات کے مطابق حصول تعلیم کے خواہشمند تمام افراد تک ہمارا پیغام پہنچ جائے۔ شاہد علی نے طلبہ کی سہولتوں کا جائزہ لینے کے لئے امتحانی مراکز کے دورے بھی کئے۔



## ڈی جی خان آفس میں ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد




یونیورسٹی کے ڈیرہ غازی خان کیمپس میں ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد ہوا۔ ریجنل ڈائریکٹر، قیصر عباس کاظمی نے ٹیوٹرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹیوٹرز تعینات کرنے کا مقصد طلبہ کو مقامی سطح پر سہولت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے ٹیوٹرز کو ہدایت کی کہ یونیورسٹی کی طرف سے دی جانے والی ذمہ داریوں کو پوری ایمانداری سے مکمل کیا کریں تاکہ تعلیمی میدان میں آپ کی خدمات یاد رکھی جائیں۔ قیصر عباس کاظمی نے سمسٹر خزاں ۲۰۲۴ء کے پہلے مرحلے کے جاری داخلوں پر تفصیل سے بات کی۔ انہوں نے ٹیوٹرز کو ہدایت کی کہ وہ علاقے کے ہر گھر تک یونیورسٹی کے داخلوں کا یہ پیغام پہنچائیں تاکہ حصول تعلیم کا ایک بھی خواہشمند محروم نہ رہے۔

## فیصل آباد کے ریجنل ڈائریکٹر کا امتحانی مراکز کا دورہ

یونیورسٹی کے فیصل آباد کے ریجن ڈائریکٹر، پروفیسر ڈاکٹر بشیر احمد صمیم نے بی ایس پروگرام کے امتحانات کا جائزہ لینے کے لیے ریجنل آفس سمیت دیگر سنٹرز کا دورہ کیا۔ انہوں نے بوائز اور گرلز سنٹرز میں جاکر امتحانی عمل کا جائزہ لیا۔



## حیدر آباد ریجن کے ہیڈ کی داخلہ مہم کے سلسلے میں ملاقاتیں

حیدر آباد ریجنل ہیڈ، نیاز علی ماکا نے سمسٹر خزاں ۲۰۲۴ء کے داخلہ مہم کے سلسلے میں ڈائریکٹر ایجوکیشن (پرائمری) میرپورخاص ڈویژن، پروفیسر ممتاز علی کھڑو، ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن (سیکنڈری)، اقبال اور ڈی ای او (پلاننگ) میرپورخاص، ڈاکٹر چمن منشا سے ملاقاتیں کیں جس میں انہوں نے داخلہ مہم کو کامیاب بنانے اور اہداف کے حصول کے لئے اُن سے سپورٹ کی درخواست کی۔ دونوں آفیسرز نے ریجنل ہیڈ کو بھرپور سپورٹ کی یقین دہائی کرائی۔



## یونیورسٹی کے جھنگ کیمپس میں ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد



یونیورسٹی کے جھنگ کیمپس میں ریجنل ہیڈ حسان عبید کی زیر صدارت ٹیوٹرز بریفنگ کا انعقاد ہوا جس میں انہوں نے سمسٹر بہار 2024ء کے لئے تعینات کئے گئے ٹیوٹرز کو تعیناتی کے لیٹرز اور فائلیں دی۔ ٹیوٹرز سے گفتگو کرتے ہوئے حسان عبید نے کہا کہ ٹیوٹرز اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور ٹائم فریم کے مطابق انجام دیں اور سٹوڈنٹس کی بھرپور راہنمائی کریں۔

## ملتان ریجن نے داخلہ مہم تیز کر دی



یونیورسٹی کے ملتان ریجن کے ڈائریکٹر، غلام حسین کھوسہ نے داخلہ مہم برائے سمسٹر خزاں ۲۰۲۴ء کے حوالے سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ملتان ریجن نے داخلہ مہم تیز کر دی ہے، ریجن کا پورا عملہ اس کام میں مصروف عمل ہے، علاقے کے ہر اہم مقام پر داخلے کے اشتہارات چسپاں کر دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہماری کوشش ہے کہ ریجن کے داخلوں کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ کیا جائے اور ریجن کی حدود میں ایک بھی بچہ حصول تعلیم کے بنیادی حق سے محروم نہ رہے۔

## ریجنل ڈائریکٹر گلگت کا داخلہ مہم میں ڈسٹرکٹ غذر کا دورہ





ریجنل ڈائریکٹر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی گلگت دلدار حسین نے ۱۲ اگست کو داخلہ مہم برائے سمسٹر خزاں ۲۰۲۴ کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ غذر کا دورہ کیا اس موقع پر مختلف سکولوں / بی ایڈ ورکشاپس اور مختلف افراد سے ملاقاتیں کی اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے پروگراموں سے انہیں آگاہ کیا. عوامی حلقوں نے یونیورسٹی کی خدمات کو سراہتے ہوئے داخلہ مہم میں بھرپور کردار ادا کرنے کی یقین دہائی کرائی

# اپریل تا جون 2024ء تک علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ایم فل، پی ایچ ڈی پروگرامز مکمل کرنے والے طلباء وطالبات کی فہرست

| S# | Name of Students | Title of Thesis |
|---|---|---|
| 1 | Dure Shahwar | Effect Of Kolawole Problem Solving Method On Students' Performance In Mathematics At Secondary Level In District Bhakkar |
| 2 | Muhammad Arshad | Utilization of Non-Salary Budget for Learning Environment in Elementary Public School |
| 3 | Ms. Lubna Shaheen Ch. | Role of Interactive Class Talk in Development of Transversal Competencies in Grade 7 Science Students |
| 4 | Mr. Nayyar Ahmed Naseer | A Study of Science Teachers Conception of Nature of Science and its Practices at Secondary Level |
| 5 | Younis Afzal | Perceived Need for national agricultural policy for sustainable development in Pakistan |
| 6 | Fouzia Anjum | Analysis of farmers adoption behavior regarding oil extraction technology of aromatic plants in Pothowar region of Punjab, Pakistan |
| 7 | Iqbal Karim | Impact of climate Hazards on Livelihood of People in Lower Hunza |
| 8 | Anwar Hussain | Investigating the awareness and adoption of clear fruit nursery by nursery growers of Patoki |
| 9 | Muhammad Tahir Iqbal | Assessing the opportunities of organic sugar cane cultivation in district Muzaffargarh. |
| 10 | Kalsoom Ghani | Synthesis, Characterization and DNA Binding Studies of Metal Complexes of Guanidinobenzimidazole |
| 11 | Marina Kanwal | Synthesis, Characterization and Optical Studies of Metal-doped ZnO Thin Films |
| 12 | Muhammad Khurram Ayub | Synthesis, of Transition Metal/N Doped Carbon Composites as Catalysts for Reduction of Nitroarenes |
| 13 | Rumaisa Rehman | Fabrication of Flavonol and Metal Flavonol Based Electrochemical Reactive Oxygen Species Detectors |
| 14 | Syeda Maida Batool | Fabrication of $Bi_2Zr_2O_7$/ Multiwalled Carbon Nanotubes (MWCNT) Aerogels as Electrocatalyst |
| 15 | Syeda Qandeel Wajid Kazmi | Vertical Cavity Modification of β-Cyclodextrin to Enhance the Pharmacological Efficacy of |
| 16 | Muhammad Rizwan | Synthesis and Characterization and Energy Application of Cobalt Selenide / Cobalt Sulfide Reduced Graphene Oxide Heterostructures |
| 17 | Khalil Ahmad | Computational and Wet Lab Approaches for the Design and Synthesis of Azole Small Molecules as Inhibitors of Mushroom Tyrosinase |
| 18 | Laiba Iftikhar | Extraction of Calcium Oxide from Egg Shell Waste and its Applications as Nitrogen Oxides ($NO_x$) Sorbent |
| 19 | Syed Zahoor Ali Bukhari | Fabrication of Coordination of Polymers Derived Porous Corban Composites for Energy Application |

# ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY ISLAMABAD

# ADMISSION AUTUMN 2024



ALL PROGRAMMES ARE HEC RECOGNIZED

**Last Date: 15th October 2024**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| #1 in PAKISTAN Times Higher Education Impact Rankings 2024 Quality Education | #1 in PAKISTAN Times Higher Education Impact Rankings 2024 Decent Work and Economic Growth | #3 Times Higher Education Impact Rankings 2024 OVERALL IN PAKISTAN | #3 in PAKISTAN Times Higher Education Impact Rankings 2024 Reduced Inequalities | #7 GLOBALLY Times Higher Education Impact Rankings 2024 Quality Education |

## BS Programmes (HSSC Based | Duration 4 Years)

- Accounting & Finance
- Agricultural Extension
- Early Childhood Care & Education
- Economics
- English
- Urdu
- History
- Gender & Women Studies
- Sociology
- Library and Information Sciences
- Rural Development
- Mass Communication
- Pakistan Studies
- Islamic Finance
- Arabic
- Islamic Studies
- Islamic Studies (Dars-e-Nizami)
- Islamic Studies (Hadith & Hadith Science)
- Islamic Studies (Interfaith Studies)
- Islamic Studies (Islamic Law and Jurisprudence)
- Islamic Studies (Quran and Tafseer)
- Islamic Studies (Seerat Studies)

## BS Programmes (BA/BSc Based | Duration 2.5 Years)

- Accounting & Finance
- English
- Economics
- Library and Information Sciences
- Pakistan Studies
- Sociology
- Urdu
- Gender & Women Studies
- Arabic
- Islamic Finance
- Islamic Studies
- Islamic Studies (Dars-e-Nizami)
- Islamic Studies (Hadith & Hadith Science)
- Islamic Studies (Interfaith Studies)
- Islamic Studies (Islamic Law and Jurisprudence)
- Islamic Studies (Quran and Tafseer)
- Islamic Studies (Seerat Studies)

## BS Programmes (AD Based | Duration 2 Years)

For the applicants having AD in relevant discipline with minimum 60 Credit Hours.

- Accounting & Finance
- Economics
- Gender & Women Studies
- English
- Library and Information Sciences
- Urdu
- Pakistan Studies
- Sociology
- Islamic Finance
- Arabic
- Islamic Studies
- Islamic Studies (Dars-e-Nizami)
- Islamic Studies (Hadith & Hadith Science)
- Islamic Studies (Interfaith Studies)
- Islamic Studies (Islamic Law and Jurisprudence)
- Islamic Studies (Quran and Tafseer)
- Islamic Studies (Seerat Studies)

## Associate Degree Programmes

- Associate Degree in Arts (BA General)
- BA Open Courses
- Associate Degree in Commerce (BCom)
- Associate Degree in Education (ADE)

## BBA Programmes

- Bachelor of Business Administration (HSSC Based)
- Bachelor of Business Administration (BA/BSc Based)
- Bachelor of Business Administration (AD Based)

## Teacher Training Programmes

| | |
|---|---|
| BEd (BS/MS/MSc Based) | - BEd (1.5 Years)<br>- BEd (1.5 Years) Special Education |
| BEd (2.5 Years) (BA/BSc Based) | - Elementary Teacher Education<br>- Science Education<br>- Special Education |
| BEd (4 Years) (HSSC Based) | - Distance & Non Formal Education<br>- Elementary Teacher Education<br>- School Leadership & Management<br>- Secondary Teacher Education<br>- Special Education<br>- Science Education (FSc/A level Based) |
| BEd (4 Years) (ADE Based) | - Distance & Non Formal Education<br>- Elementary Teacher Education<br>- School Leadership & Management<br>- Science Education<br>- Secondary Teacher Education<br>- Special Education |

## Post Graduate Diplomas

- Criminology
- Educational Planning & Management (EPM)
- Educational Leadership and Management (ELM)
- Environment, Health & Safety
- Entrepreneurship
- Entrepreneurship in ECCE
- Gender & Women Studies
- Human Resource Management
- Islamic Law and Jurisprudence
- Public Health & Nutrition
- Population and Developtment
- Sustainable Environmental Design
- Supply Chain Management
- TEFL
- International Financial Reporting Standards (IFRS)

## Certificate/Diploma

- Al Lisanul Arabi
- Arabi Bol Chaal
- Lughat ul Quran
- ATTC
- Certificate IFTAA
- Certificate Imam & Khateeb
- Certificate in Literacy & Non Formal Education
- Entrepreneurship in Early Childhood Education
- Special Education
- Hearing Impairment
- Intellectual Disability
- Visual Impairment
- Physical & Health impairment
- Certificate in Librarianship
- Organic Kitchen Gardening
- E-Commerce Skills & Online Courses (In Collaboration with BF Technologies)
- Diploma Islamic Finance
- Diploma IFTAA

## HOW TO APPLY

- Check eligibility and details of all programmes in the prospectuses available at University Website.
- Submit online application at **https://fmbp.aiou.edu.pk**
- Manual forms for ADA, ADC & BEd are also available in Regional Offices and Sale Points.
- Continuing students can register courses for Autumn 2024 till **22-10-2024** in CMS at following link: **https://enrollment.aiou.edu.pk**
- Fee can be deposited in any branch of **ABL, MCB, FWBL, NBP and UBL OR Upaisa, Easypaisa and JazzCash.**

Official Android App


**Director Admissions**

Email: adms@aiou.edu.pk | Helpline: (051) 111 112 468


Fresh Admissions

AUTUMN 2024

EDUCATION FOR ALL